Royal College of Anaesthetists

# اینیستھیٹک –
# ممکنہ خطرات اور مضر اثرات
# گلے کی خرابی

### اس کتابچے کے بارے میں

یہ کتابچہ **جنرل اینیستھیٹک کے بعد گلے کی خرابی** کے بارے میں ہے۔ یہ ایک مضر اثر ہے، جس کا تجربہ آپ کو جنرل اینیستھیٹک لینے کے بعد ہو سکتا ہے۔ یہ گلے کی خرابی کی وجوہات اور اس سے نمٹنے کے طریقوں کی وضاحت کرتا ہے۔

جنرل اینیستھیٹک ایسی ادویات ہیں جو گہری نیند جیسی حالت پیدا کرتی ہیں۔ یہ بعض قسم کے آپریشنوں اور طریقوں کے لیے لازمی ہیں۔ جنرل اینیستھیٹک کے دوران آپ بے ہوش ہوتے ہیں اور کچھ بھی محسوس نہیں کرتے۔

آپ ہماری ویب سائٹ پر اینیستھیٹک کی مختلف اقسام کے بارے میں پڑھ سکتے ہیں، جو یہاں مختلف زبانوں میں دستیاب ہے: www.rcoa.ac.uk/patientinfo/translations#languages۔


### یہ کیسا محسوس ہوتا ہے؟

- آپ کو اپنے گلے میں کچھ بے آرامی یا زیادہ شدید درد ہو سکتا ہے۔
- گلے کی خرابی عام طور پر 24 سے 48 گھنٹوں تک رہتی ہے۔
- آپ کی آواز بھاری ہو سکتی ہے۔
- آپ کو گلا بہت خشک محسوس ہو سکتا ہے۔

### اس کے ہونے کا کتنا امکان ہے؟

اینیستھیٹسٹ کے استعمال کردہ آلات پر انحصار کرتے ہوئے اس کا امکان کتنا زیادہ ہوتا ہے۔

ہر 100 افراد میں سے



**60 سے 80 کو نہیں ہوا**

**20 سے 40 کو ہوا**

یہ اعداد و شمار تحقیق کے مطالعہ سے حاصل کیے گئے ہیں۔ مزید تفصیلات کے لیے ہماری یہ ویب سائٹ ملاحظہ کریں:www.rcoa.ac.uk/patientinfo/risks/evidence۔

### اینیستھیزیا کے بعد گلے کی خرابی کی وجہ کیا ہوتی ہے؟

کچھ اینیستھیٹک گیسیں اور دوائیں آپ کے گلے کو خشک کر سکتی ہیں۔

جنرل اینیستھیٹک کے دوران اینیستھیٹسٹ کی طرف سے استعمال کیے جانے والے آلات آپ کے گلے میں خراش پیدا کر سکتے ہیں۔

جنرل اینیستھیٹک کے دوران آپ کے جسم کے پٹھوں سمیت آپ کے گلے اور سینے کے ارد گرد کے پٹھے بھی آرام کرتے ہیں۔ اس سے آپ کے پھیپھڑوں میں داخل ہونے والی ہوا کی مقدار کم ہو سکتی ہے۔

آپ کے پھیپھڑوں میں آکسیجن کے مسلسل بہاؤ کو یقینی بنانے کے لیے، اینیستھیٹسٹ آپ کے گلے میں سانس کی مصنوعی نالی لگا سکتا ہے تاکہ آپ کی ہوا کی نالی کھلی رہے۔ عام طور وہ ایسا آپ کے بے ہوش ہونے کے بعد کرتے ہیں۔

آپ کے بے ہوش ہونے کے درمیان نلیاں یا ماسک جو آپ کا اینیستھیٹسٹ استعمال کرتا ہے آپ کے گلے کی خرابی کا سبب بن سکتی ہیں کیونکہ:

- جب وہ ڈالی جاتی ہیں یا ہٹائی جاتی ہیں تو آپ کو گلے کی خرابی پیدا ہو سکتی ہے۔
- کچھ پھولنے والی ہوتی ہیں اور جب وہ پھولتی ہیں تو آپ کے گلے کو دبا سکتی ہیں۔ یہ تکلیف کا سبب بن سکتا ہے۔

اینیستھیزیا کے دوران آپ کا ہوائی راستہ اور سانس لینے کا عمل کے بارے میں مزید معلومات ہماری ویب سائٹ پر مختلف زبانوں میں دستیاب ہیں: www.rcoa.ac.uk/patientinfo/translations#languages۔

## کیا مدد گار ہو سکتا ہے؟

آپ درد سے آرام کیلئے ibuprofen یا paracetamol کا استعمال کر سکتے ہیں۔ آپ کو اپنے جی پی یا فارماسسٹ سے معلوم کرنا چاہیے کہ کون سی درد سے آرام دینے والی ادویات آپ کے لیے بہتر ہیں۔ آپ کے گھر جانے سے پہلے آپ کا ہسپتال آپ کو درد کی کچھ دوا بھی دے سکتا ہے۔

### کب مدد طلب کی جائے

- اگر اینیستھیٹک کے ایک ہفتے کے بعد آپ کا درد بڑھ جاتا ہے اور آپ کو نگلنے میں مشکل پیش آئے تو، آپ اپنے جی پی یا نرس سے مل سکتے ہیں یا فارمیسی سے مشورہ لے سکتے ہیں۔
- اگر، کسی بھی وقت، آپ کو سانس لینے میں کوئی دشواری ہو رہی ہو یا کھانسی سے خون آ رہا ہو، تو مزید مشورے کے لیے آپ کو فوری طور پر اپنے جی پی یا اپنے اینیستھیٹسٹ سے رابطہ کرنا چاہیے۔

## اظہارِ لاتعلقی

ہم اس کتابچے میں دی گئی معلومات کو درست اور تازہ ترین رکھنے کی بہت کوشش کرتے ہیں لیکن ہم اس کی ضمانت نہیں دے سکتے۔ ہم یہ توقع نہیں کرتے ہیں کہ اس عام معلومات سے آپ کے تمام سوالات کا احاطہ ہو پائے گا یا ہر اس چیز سے نمٹا جائے گا جو آپ کے لیے اہم ہو سکتی ہے- اس کتابچے کو بطور راہنما استعمال کرتے ہوئے، آپ کو اپنی طبی ٹیم کے ساتھ اپنے انتخاب اور کسی بھی پریشانی کے بارے میں بات کرنی چاہیے- اس کتابچے کو خود سے مشورہ نہیں سمجھا جانا چاہئے - اسے کسی تجارتی یا کاروباری مقصد کے لیے استعمال نہیں کیا جا سکتا- مکمل اظہار لاتعلقی کے لیے، براہ مہربانی دیکھیں:

www.rcoa.ac.uk/patients/patient-information-resources/translations/patient-information-translations-urdu

تمام ترجمے، ٹرانسلیٹر ود آؤٹ بارڈرز (Translators without Borders) کی مترجم کمیونٹی کے ذریعے فراہم کیے گئے ہیں۔ ان ترجموں کے معیار کی جانچ پڑتال کی جاتی ہے تاکہ ترجموں کو ہر ممکن حد تک درست بنایا جا سکے، لیکن کچھ معلومات کی غلطیاں اور غلط تشریح کا خطرہ موجود رہتا ہے۔

**ہمیں اپنے خیالات سے آگاہ کریں**

ہم اس کتابچہ کو بہتر بنانے کے لیے تجاویز کا خیر مقدم کرتے ہیں

اگر آپ کے پاس کوئی تبصرہ ہے جو آپ کرنا چاہتے ہیں تو ، براہ کرم انہیں ای میل کریں: patientinformation@rcoa.ac.uk


**Royal College of Anaesthetists**

چرچل ہاؤس، 35 ریڈ لائن اسکوائر، لندن WC1R 4SG

# www.rcoa.ac.uk



چھٹی اشاعت، نومبر 2024

اشاعت کی تاریخ کے تین سال کے اندر اس کتابچے کا جائزہ لیا جائے گا۔



**Royal College of Anaesthetists 2024 ©**

یہ کتابچہ مریض کے لئے معلوماتی مواد تیار کرنے کی غرض سے نقل کیا جا سکتا ہے۔ براہِ مہربانی اصل ماخذ کا حوالہ دیں۔ اگر آپ اس کتابچہ کا کچھ حصہ کسی اور اشاعت میں استعمال کرنا چاہتے ہیں تو، مناسب اقرار کیا جائے اور لوگو، برینڈنگ اور تصاویر کو ہٹا دینا چاہیے۔ براہِ مہربانی مزید معلومات کے لیے ہم سے رابطہ کریں۔